© rasailojaraid.com

## رئیس الجامعہ کیلئے دُعائے صحت

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کو مورخہ 29 اپریل بروز سوموار دل کا عارضہ ہوا، اس سے اگلے روز کارڈیالوجی ہسپتال راولپنڈی میں اُن کا انجیو گرافی ہوا اور بروز جمعرات انجیو پلاسٹی بھی ہوا۔ جمعۃ المبارک کی شام ہسپتال سے واپس اپنے گھر چوک اہل حدیث تشریف لا چکے ہیں اور الحمدللہ اب روبصحت ہیں۔ قارئین سے اُن کی صحت کاملہ و عاجلہ کیلئے دُعا کی اپیل ہے۔ رئیس الجامعہ کی بیماری کے دوران کافی تعداد میں احباب جماعت نے ہسپتال میں، گھر آکر اور بذریعہ فون تیمارداری کی۔ اللہ تعالیٰ اُن کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

## جامعہ علوم اُثریہ کا 29 واں سالانہ عظیم الشان جلسہ تقسیم اسناد و انعامات

مورخہ 14 مارچ بروز جمعرات بعد از نماز عشاء جامعہ علوم اُثریہ جہلم کا 29 واں سالانہ عظیم الشان جلسہ تقسیم اسناد و انعامات زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے جلسہ کا آغاز حافظ ابوبکر کی تلاوت سے ہوا، جامعہ کے طلبہ محمد نعمان، عبیداللہ، فہیم اللہ، اور احسان الحق نے حمد و نعت پیش کی۔ حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار (گوجرانوالہ) مولانا سید طیب الرحمٰن زیدی (اسلام آباد) مولانا اکبر اسد (چونیاں ضلع قصور) اور مولانا محمد عمر صدیق (گوجرانوالہ) نے خطاب فرمایا۔ امسال جامعہ سے فارغ ہونے والے 33 طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ اس جلسہ کا اختتام حضرت مولانا محمد ابراہیم سرپرست اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال کی دُعا سے ہوا۔ اس جلسہ میں جہلم کے علاوہ دینہ، سوہاوہ، پنڈ دادنخان، گجرات، منڈی بہاؤالدین، میرپور، چترپڑی، منگلا، آڑہ بشارت چکوال کے علاوہ اور دیگر علاقوں سے بھی کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## مورخہ 9,8 اپریل کو بارہویں سالانہ فری آئی کیمپ کی مختصر رپورٹ

جہلم (نامہ نگار) دینی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کا مستقل تسلسل قائم کر کے جامعہ علوم اُثریہ جہلم نے غریب عوام کے دل موہ لئے، ان خیالات و تاثرات کا اظہار جہلم میں بارہویں سالانہ انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کے موقع پر مریضوں، ان کے لواحقین اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے کیا ہے۔ یاد رہے کہ دینی علوم کی بین الاقوامی یونیورسٹی (جامعہ علوم اُثریہ) جو گزشتہ (33) سال سے قرآن وحدیث کی اعلیٰ تعلیم کا شاندار ریکارڈ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عوام کی سماجی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ یتیم بچوں کیلئے وظائف، رمضان المبارک کے موقع پر راشن کی تقسیم، اُثریہ ٹرسٹ



© rasailojaraid.com